امراض معدہ

10

حَدِیْقَة الْمُجَرَّبات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

10

ٹوپک

برائے امراض

امراض معدہ

السر معدہ

ترشی معدہ

ایچ پائیلوری

سوزش معدہ

نظام ہاضم

حتکہ معدہ کے تمام امراض

سب ساتھی دل کھول کر اس ٹاپک میں حصہ لیں۔

اپنا علم آپس میں شئیر کریں تاکہ طب اور طبیب

کا نام روشن ہو سکے۔

منجانب ایڈمنز

حدیقہ المجربات

بہترین ھاضم قبض کشا

میں نے فوائد کم لکھے ھیں سمرا بھائی کی نظر پڑے تو مکمل فوائد لکھدیں۔

میں نمک سیاہ کے بغیر بناتا ھوں اس لیے کراس کا نشان لگا ھے۔

ھر مطب پر موجود ھونے کے لائق ھے۔

قاری محمد عقیل

شفائے معدہ و امعاء

ھوالشافی۔۔سونف رومی 100 گرام۔ریوند خطائی 80 گرام۔الائچی کلاں 50 گرام سنڈھ 50 گرام۔گل سرخ ایرانی 50 گرام۔کاسنی 50 گرام۔دار چینی 50 گرام۔کوزہ مصری 400 گرام۔

صاف ستھری چیزیں لے کر سفوف بنالیں

مقدار خوراک۔۔ چھوٹی چمچ

صبح و دوپہر شام ہمراہ نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کروائیں

خواص و فوائد۔۔السر، زخم، سوزش و ورم معدہ و امعاء، تیزابیت کی تمام علامات پر

ازبس مفید ہے۔کم خرچ بالانشین کا مصداق نسخہ ہے

حکیم میاں محمد صادق s/o حکیم میاں محمد صدیق

فہیم یونانی دواخانہ،ڈریم ٹاؤن کنگن پور، تحصیل چونیاں قصور

03004896615

عطیہ۔۔ پروفیسر حکیم سید محمد شاہ صائم

ھوالشافی۔۔پوست سنگدانہ مرغ 100 گرام۔پوست ترنج 100 گرام۔پوست بیرون پستہ 100 گرام۔مغز جائفل 50 گرام۔ست پودینہ 10 گرام۔ست اجوائن 10 گرام

تمام چیزیں صاف ستھری لے کر سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک۔۔500ملی گرام سے 1000 ملی گرام کیپسول بھر لیں

یہ نسخہ میں 1995 سے بنا رہا ھوں بہت اعلی رزلٹ ہے

فوائد۔۔مقوی معدہ، قے، متلی، ہیضہ، گیس، قبض کے لیے لاجواب ہے۔

تصدیق نسخہ

حکیم میاں محمد صادق s/o حکیم میاں محمد صدیق

سفوف ھاضم نمکین

هوالشافی۔۔برگ سناء مکی مصفی۔دو سو گرام۔اجواہن دیسی۔سو گرام۔بادیان۔ سو گرام فلفل سیاہ۔سو گرام۔زنجبیل کپڑچھان۔سو گرام۔نشادر ٹھیکری۔۔سو گرام۔کالا نمک سوگرام۔زیرہ سفید۔سوگرام۔پودینہ مصفی۔سو گرام۔ست لیموں۔بیس گرام

ترکیب تیاری۔۔جملہ ادویہ کو صاف ستھرا کرلیں مٹی کنکر وغیرہ سے باریک پیں کپڑچھان کرلیں تیار ھے۔

مقدار خوراک۔۔دو گرام تا پانچ گرام همراہ پانی تازہ لیں۔

فوائد۔۔گیس بدھضمی۔تیزابیت قبض

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا دنیاپور ضلع لودھراں

ڈکارین

هوالشافی۔۔فلفل سیاہ 5 تولہ۔نمک سیاہ 5 تولہ۔پودینہ 10 تولہ۔اجوائن دیسی 5 تولہ صاف ستھری چیزیں لے کر سفوف بنالیں

حکیم میاں محمد صادق s/o حکیم میاں محمد صدیق

قرص جگر

هوالشافی۔۔ریوند چینی 50 گرام نوشادر 30 گرام چرائی یتہ 50 گرام مصبر 50 گرام

کالی مرچ برابر گولیاں بنا لیں 1+1 صبح و شام ہمراہ عرق مرکب

معدہ و جگر ورم معدہ ضعف جگر قبض کیلئے مفید ہے

حکیم ارشاد اللہ

سفوف ڈئیریا

هوالشافی۔۔ تخم حماض تخم کنوچہ گوند کتیرا گوند کیکر برابر وزن

2 گرام صبح و شام ہمراہ پانی۔

ہر قسم کے دست و پیچش کے ل ئ ے مفید ہے

حکیم ارشاد اللہ

سفوف اجمود

هوالشافی۔۔ تخم کرفس 20 گرام نمک سانبھر 10 گرام نمک سیاہ 10 گرام مرچ سفید

10 گرام زیرہ سفید 10 گرام۔

ایک چٹکی ہمراہ پانی۔

پیٹ درد قبض گیس بھوک کی کمی لعاب کی کثرت

حکیم ارشاد اللہ

سفوف دیدان

ھوالشافی۔۔باؤبڑنگ کمیلا نسپال ہموزن

2گرام صبح و شام ہمراہ پانی

پیٹ کے کیڑوں کے ل ئ ے مفید ہے

حکیم ارشاد اللہ

سفوف بادیان

ھوالشافی۔۔سونف بریاں ہلیلہ سیاہ بریاں پودینہ خشک سنڈھ کوزہ مصری برابر وزن

2سے3گرام صبح و شام ہمراہ پانی

ہر قسم کے پیچس کے ل ئ ے مفید ہے

حکیم ارشاد اللہ

سفوف برادہ

ھوالشافی۔۔برادہ گندم چھلکا اسپغول کوزہ مصری تربد سفید ہموزن

2 گرام رات کو ہمراہ دودھ

قبض انتوں کی خشکی اور سدہ کے ل ئ ے مفید ہے

حکیم ارشاد اللہ

سفوف مثلث

هوالشافی۔۔بادیان ہلدی سنڈھ ہموزن

1 سے 2 گرام ہمراہ پانی۔

تبخیر معدہ معدہ کا درد نزلہ و زکام شوگر اور ہر قسم کی سوزش پر کام کرتا ہے۔

حکیم ارشاد اللہ

بد ہضمی و گیس کیلئے مجرب

هوالشافی۔۔آب لیموں 1 پاو۔نوشادر ٹھیکری 3 تولہ۔نمک سیاہ 5 تولہ۔

نوشادر اور نمک کو پاوڈر کر کے آب لیموں میں ڈال دیں۔

ایک ہفتہ بعد استعمال کریں۔

کھانا کھانے کے بعد چمچ کا چوتھا حصہ لینا ھے

سفوف سلیمانی

هوالشافی۔۔پودینہ خشک سونف۔اجوائن دیسی کشنیز۔انار دانہ دانہ الائچی کلاں زیرہ سفید پوست بیخ مدار نوشادر۔

تمام دوائیں ہموزن لے لیں اور ان سب کے برابر مصری ڈال لیں ۔

مقدار خوراک۔۔ ایک ماشہ سے تین ماشہ تک دن میں تین مرتبہ پانی کے ساتھ معدہ کے تمام امراض میں مفید ہے عرصہ بیس سال سے معمول مطب ہیں

حکیم بابا محمد جاوید القادری فیصل آباد

جوارش کمونی جدید

هوالشافی۔۔سنڈھ 75 گرام۔خولنجاں 75 گرام۔فلفل سیاہ 75 گرام۔طباشیر نقرہ 50 گرام۔برگ سداب 100 گرام۔دار چینی 50 گرام۔اجوائن دیسی 25 گرام۔

زیرہ سفید 100 گرام

صاف ستھرہ زیرہ سفید لیکر اسے سرکہ انگوری میں اتنا بھگو دیں کہ زیرہ ڈوب جائے جب خشک ہوجاے تو باریک پیس لیں۔اور دوسری تمام ادویات کو بھی باریک پیس کر ملاکر سفوف بنالیں۔پھر تین گنا شہد کا قوام تیار کرکے جوارش تیار کرلیں۔

آدھا آدھا چمچ صبح وشام بعد از غذاء ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔استعمال کریں تقریباً معدہ کے اکثر امراض میں اچھا کام کرتا ہے

حکیم ذیشان فرام وہاڑی

غدی اعصابی ہاضم

(مجربات نظریہ ثلاثہ)

ھوالشافی۔۔سنڈھ 1تولہ۔مرچ سیاہ 1تولہ۔فلفل دراز 1تولہ۔نوشادر ٹھیکری 1تولہ۔پودینہ 2تولہ۔گندھک آملہ سار 4 تولہ۔مٹھا سوڈا اصلی 4تولہ۔نمک سیاہ 8تولہ۔ریوند خطائی ی۔ 4 تولہ۔سونف 4 تولہ سفوف بنالیں۔

چار رتی سے ایک ماشہ تک کھانے کے بعد پانی کے ساتھ۔ہائی بلڈ پریشر کے مریض کو نہ دیں۔

صفراوی جلن معدہ۔منہ کا ذائقہ کڑوا۔غذا کی خوشبو سے متلی ہونا۔چند لقموں سے دل بھر جانا۔بھوک کی کمی۔کا کامیاب علاج ہے۔

حکیم امین اصغر عاصی چشتیہ دواخانہ فرام ملکہ ھانس پاکپتن شریف

سفوف سنگرہنی

ھوالشافی۔۔بیل گری 100 گرام۔کڑا چھال 100 گرام۔دھنیا خشک 50 گرام۔سونف 50 گرام۔چھوٹی الائچی 50 گرام۔جائفل 50 گرام۔ناگر موتھا 50 گرام۔چھال انار 50 گرام۔

تمام ادویہ کا سفوف بنا لیں اور ایک چائے والی چمچ دن میں 3 بار دیں۔

دوسرے ہی دن سے آرام ہو جائے گا۔

دیگر یہ سفوف ٹائیفائیڈ بخار کے لیے بھی مفید ہے۔

یہ میرا مجرب نسخہ ہے۔

حکیم شبیر رائما

فرام گجرات انڈیا

معدہ کی جلن السر آنتڑیوں کی سوزش

هوالشافی۔۔ ملٹھی۔250 گرام۔سونف ۔ 150 گرام۔مغز بادام ۔ 100 گرام۔ہلدی۔100 گرام۔سبز الاچی ۔60 گرام۔چینی ۔ 700 گرام

ترکیب۔۔ تمام چیزوں کو الگ الگ سفوف کر کہ مکس کر لیں۔

خوراک۔۔ چھوٹی چمچ تین ٹائم

آزاد بھٹو

اکسیر معدہ

ھوالشافی۔۔مغز کشنیز50 گرام۔موٹی الائچی۔۔50 گرام۔مغز بادیان۔۔50 گرام۔کالپی مصری۔۔150 گرام۔

مقدار خوراک۔۔ آدھی چمچ چھوٹی ہمراہ پانی صبح و شام۔

مزاج و خواص۔۔عوام الناس کے لیے لکھیں جا رہے ہیں۔مزاج میں تر گرم بن جاے گا۔گرمی کے امراض کے لیے اکسیر ہے

دل میں گھبر اہٹ۔بے چینی. پیٹ میں مڑور

پیشاب میں جلن۔گرمی کے ہر مرض میں اکسیر ثابت ہو گا

معمول مطب دارالحکمت المعروف دارالشفاء

عطیہ۔۔معمول مطب حکیم ظفر اللہ انبالوی فیصل آباد

دعا گو حکیم امین

برائے ایچ پلیوری

ھوالشافی۔۔بادیان ۱۰۰ . گرام کشنیز خشک ۱۰۰ گرام پودینہ خشک ۱۰۰ گرام الائچی کلاں ۵۰ گرام اسطوخودوس ۵۰ گرام۔سب کو پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک۔۔ ایک تا دو ماشہ ہمراہ آب تازہ دن میں دو بار کھانا کھانے سے پہلے

فوائد۔۔ ایچ پلیوری۔السر معدہ۔ تبخیر معدہ پر بہترین کام کرتا ہے۔

بادیان۔ آملہ خشک۔ الائچی کلاں۔ میٹھا سوڈا ہر ایک ہموزن پیس کر محفوظ کر لیں۔ورم معدہ۔ السر معدہ۔ تبخیر معدہ۔ درد معدہ اور ایچ پلیوری پر بہترین کام کرتا ہے۔

مقدار خوراک۔۔ ایک تا دو گرام کھانا کھانے کے بعد دن میں تین بار ہمراہ آب تازہ

صمغ عربی۔رال سفید۔ سنگجراح ہر ایک ہموزن پیس کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک۔۔500ایم جی کیپسول دن میں تین بار ہمراہ آب تازہ۔

نوٹ۔۔یہ تینوں نسخہ جات اکٹھے استعمال کرانے ہیں۔

عرصہ بیس سال سے زیر استعمال ہیں مجرب اور معمول مطب ہیں۔

حکیم اعجاز احمد ناصر مریدکے لاہور

گیس تیزابیت۔معدہ جلن

معدہ کی جلن تیزابیت بھوک نہ لگنا۔ کھٹی ڈکاریں۔ گیس کی وجہ سے سانس کا پھولنے کے لئے مجرب نسخہ

ھوالشافی۔۔ریوند چینی۔ میٹھا سوڈھا۔ جھنور ٹکی999نمبر۔سنڈھ۔ ھر ایک۔ایک پاو۔نوشادر ٹکی آدھا پاؤ۔زیرہ سفید پانچ تولہ۔ست پودینہ تین گرام۔ مصری آدھا کلو سب

گرینڈ کریں اعلی درجہ کا کم خرچ کم محنت آسان معدہ کا تیر حدف نسخہ ھے۔

خوراک۔۔ گرام سے تین گرام حسب عمر۔پانی کے ساتھ

معدہ کے زخم کی علامات

زخم اگر قعر.معدہ میں ہو تو سانس میں تنگی اور بعض اوقات بے غشی لاحق ہو جاتی ہے بدبودار ڈکاریں منہ کے چھاپے منہ سے بدبو انا ترش اور مرچ والی چیز کھانے سے درد میں اضافہ ہو جاتا ہے مری اور فم معدہ کے زخم میں اس طرح فرق کیا جا سکتا ہے مری میں زخم ہوتو دونوں شانوں کے درمیان پیچھے کی طرف درد ہوتا ہے غذا کے نگلنے کے وقت درد میں اضافہ ہو جاتا ہے

فم معدہ کے زخم کی صورت میں سینہ کے نیچےاور شکم کےاوپر درد ہوتا ہے جو کہ غذا کے گزرنے کے وقت نہایت شدت سے محسوس ہوتا ہے اگر زخم قعر.معدہ میں ہو تو کھانا کھانے کے بعد درد میں اضافہ اور ناف کے قریب محسوس ہوتا ہے۔

قرحہ معدہ اور قرحہ امعا کا فرق اس طرح کیا جا سکتا ہے۔

قرحہ معدہ میں کھانے کے داخل ہونے کے وقت ااور قرحہ امعا میں غذا کے انجذاب کے وقت زیادہ محسوس ہوتا ہے اور قعر معدہ میں ناف کے قریب اور امعا کے زخم میں ناف کے نیچے ہوتا ہے۔

حکیم ریاض احمد شیخوپورہ

فم معدہ کے السر زخم کے لیے

فم معدہ کے السر زخم کے لیے شیر شتر والا نسخہ اکسیر سے کم نہیں ہے پہلی ہی خوراک سے رزلٹ لینا شروع کریں۔

فم معدہ

معدہ کی جلن تیزابیت کے لئے

گلوکوز کا بڑا ڈبا لے کر اس مین ایک بوتل قلزم میکس کر لین ایک گرام صبح شام دین فوری جلن ختم کرتا ہے الٹی بد ہضمی کے لیے مجرب ہے

حکیم سید ندیم عباس

معدہ کی جلن و تیزابیت کیلئے

هوالشافی۔۔ست پودینہ 10 گرام،میٹھا سوڈا 250 گرام میں اچھی طرح کھرل کر کے ہوا بند ڈبے میں محفوظ کریں۔ادھے چمچ سے 1 چمچ تک پانی سے۔

سفوف مصطگی رومی

میری طرف سے ایک تحفہ، بچوں کے اکثر امراض بلخصوص عطاش کے لیے ہمارا مجرب

المجرب خاندانی نسخہ پیش خدمت ہے۔

هوالشافی۔۔ مصطگی رومی 1 تولہ۔طباشیر نقرہ 1 تولہ۔الائچی سبز 1 تولہ۔ست گلو اصلی 1 تولہ۔کوزہ مصری 4 تولہ

ترکیب تیاری۔۔پہلے مصطگی کو نہایت نرم ہاتھوں سے چوٹ پہنچائے بغیر رگڑ لیں۔پھر باقی اجزاء ملا کر کھرل کر کے نہایت باریک سفوف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک۔۔بچوں کو ایک تا دو رتی بڑوں کو چار تا آٹھ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

مزاج۔۔ غدی اعصابی گرم تر۔

خواص و فوائد۔۔ہائی، موسمی ALT معدہ کی گرمی ہاتھوں پاؤں کی جلن، جگر کی گرمی بخار، ٹائیفائیڈ بخار ضعف معدہ و امعاء کی بہت اعلٰی دوائی ہے۔ہمارا خاندانی مجرب نسخہ ہے۔

بچوں کے اکثر امراض الٹی متلی ہرے پیلے دست بخار بالخصوص عطاش یعنی سوکھڑا مسان یا دق الاطفال کی بھروسہ کی دوا ہے۔

جن بچوں کی گروتھ رک جائے ان کے لیے آب حیات نوید مسرت ہے۔پچیس سال کی عمر تک کے بچوں اور بچیوں کے کی رکی ہوئی گروتھ درست ہو جاتی ہے۔ایک دو ماہ

کے استعمال سے ان کا قد بھی بڑھنے لگتا ہے اور وزن بھی پورا ہو جاتا ہے۔بارہا کا آزمودہ و مجرب نسخہ ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

حب سداب

دھرن پڑنا یا ناف ٹلنے کا حکمی علاج

هوالشافی۔۔ تخم سداب 50 گرام۔ نکچھکنی تازہ 50 گرام۔ مصطگی رومی 20 گرام فلفل دراز 30 گرام۔مویز منقٰی 100 گرام۔

ترکیب تیاری۔۔تمام اجزاء پیس کر منقٰی میں گولیاں بقدر چنا کلاں بنا لیں ایک ایک گولی صبح و دوپہر و شام پانی سے کھلائیں۔

مزاج۔۔غدی عضلاتی تریاق ہے۔

خواص و فوائد۔۔یہ دھرن پڑنا کی بہت ہی شاندار دوائی ہے۔اس کے استعمال سے ایک بار ٹھیک ہو کر ان شاء اللہ دوبارہ ناف نہ ٹلے گی۔سات دن کھلا دیں۔ناف ٹلنے کی وجہ سے ہونے والے تمام عارضے بفضل خدا ختم ہو جائیں گے۔ قبض، ضعف اشتہاء ضعف معدہ و امعاء آنتوں کے سدے، گانٹھیں تحلیل ہو جاتی ہیں۔وجع المفاصل، منہ سے رال

بہنا، منہ سے بدبو آنا، پیٹ درد، زائدہ آعور کی انفیکشن کا درد کو اس سے آرام آجاتا ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

تریاق زحیر

برائے پیچش مروڑ مجرب و معمول

هوالشافی۔۔سونف 100 گرام۔انار دانہ ترش 100 گرام۔ہلیلہ سیاہ بریاں 100 گرام۔

ترکیب تیاری۔۔تمام اجزاء کا باریک سفوف تیار کرلیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک۔۔تین گرام دواء تین چار بار ہمراہ آب سرد باسی دیں۔پہلی خوراک سے اکثر مروڑ اور پیچش بند ہوکر پاخانہ نارمل ہوجاتا ہے۔اس دوائی سے قبض نہیں ہوتی۔ بس دو تین خوراکیں ہی دینا پڑتی ہیں۔اللہ کے فضل سے آرام آجایا کرتا ہے۔ماموں حضور کا تجویز کردہ نسخہ ہے۔اور ہمارے تمام طبیب مروڑ کے لیے اسی پر اکتفاء کرتے ہیں۔اس کی موجودگی میں پیچش کے لیے کسی دوسرے نسخے کی ضرورت نہیں پڑتی۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

تریاق تبخیر

عطیہ ۔۔ حکیم صابر ملتانی رح

ھوالشافی۔۔ شنگرف ۱ تولہ۔دار چینی ۲ تولہ۔لونگ ۲ تولہ۔جائفل ۲ تولہ۔مغاں ۲ تولہ۔سونٹھ ۳ تولہ۔ہیرا ہنگ ۲ تولہ۔آب لہسن ا پاؤ۔

ترکیب تیاری۔۔ شنگرف رومی بارک پیس کر اس میں سفوف دار چینی ڈال کر تین گھنٹے خوب کھرل کریں۔پھر باقی ادویہ کا سفوف ملا کر دوبارہ آدھ گھنٹہ کھرل کرلیں۔آخر میں آب لہسن ڈال کر خوب گھوٹیں۔جب گولیاں بنانے کے قابل ہوجائے تو حب بقدر نخود بنالیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک۔۔ ایک دو گولیاں روزانہ دو تین بار ہمراہ تازہ پانی کھلائیں۔

مزاج۔۔ عضلاتی غدی تریاق ہے۔

خواص و فوائد۔۔ کثیر الفوائد ہے۔مٹاپا، گیس، تبخیر کی بہت شاندار دواء ہے۔جریان، لیکوریا، سنگرہنی، نمونیا، ضعف باہ، ضعف معدہ و امعا، ضعف مثانہ و گردہ، الٹی متلی الغرض برووت اور رطوبت سے پیدا شدہ تمام علامات و امراض پر زبردست نتائج کی حامل دواء ہے۔

میرا طریقہ۔۔ شنگرف کا کوئی بھی کشتہ لے کر اس میں باقی ادویہ کا سفوف ڈال کر دوبارہ گرائنڈ کرلیں۔اب لہسن کا پانی ڈال کر گھوٹ لیں گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو

گولیاں بنا لیں۔

نوٹ۔۔لہسن دیسی ولائتی دونوں استعمال کر کے دیکھے ہیں کوئی خاص فرق محسوس نہیں ہوتا۔

نیا تھوم آدھا کلو پرانا ایک کلو لے کر تھوڑے سے پانی کے ساتھ بلائنڈ کر کے نچوڑ لیں جو کچھ نکلے ڈال دیں۔

آپ لہسن کی بجائے سارا لہسن ڈالیں تو گولی صحیح کام نہیں کرتی نیز پوڈر کی بجائے گولی کا رزلٹ زیادہ بہتر ہوتا ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

السرین

معدہ و امعاء کے زخموں کے لیے

ھوالشافی۔۔ست ملٹھی ۱۰ گرام۔تخم الائچی سبز ۱۰ گرام۔سونف مقشر ۱۰ گرام ہلدی دیسی ۱۰ گرام۔گوند کتیرا ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری۔۔تمام اجزاکا سفوف بنالیں بس تیار ہے۔

مقدار خوراک۔۔ماشہ صبح و دوپہر شام کھانا کھانے سے پندرہ بیس منٹ پہلے پانی سے

مزاج ۔۔اعصابی غدی (گرم تر) ہے

خواص و فوائد۔۔السر معدہ و امعاء ایچ پائلوری پازیٹو کی تمام علامات کو ازبس مفید ہے۔ معدہ و امعاء اور جگر کے نظام کو معتدل کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔اخراج خون اور خشک کھانسی کو نافع ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

شفائے معدہ و امعاء

نسخہ مبارکہ پیش خدمت ہے۔

ھوالشافی۔۔چھوٹی الائچی (تخم) 10 گرام۔طباشیر نقرہ - 50 گرام۔رال سفید۔ 100 گرام۔

ترکیب تیاری۔۔نہایت باریک پیس کر کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک۔۔آدھا چمچ ہر کھانے سے پندرہ منٹ پہلے یا کھانا کھانے سے آدھا گھنٹہ بعد تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔

مزاج ۔۔اعصابی غدی تریاق ہے۔

خواص و فوائد۔۔السر، زخم، سوزش و ورم معدہ و امعاء، تیزابیت کی تمام علامات پر

ازبس مفید ہے۔کم خرچ بالانشین کا مصداق نسخہ ہے۔سوزاک کے لیے مفید ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

آنتوں کی گرہ کھولنے کے لیے مجرب

ھوالشافی۔۔ سقمونیا ولائتی ایک تولہ۔مغز بادام مقشر ایک چھٹانک۔گلقند گلاب دیسی ایک پاؤ۔

ترکیب تیاری۔۔ سقمونیا کو ہلکے ہاتھوں سے کھرل کر کے نہایت باریک پیس لیں اس کے بعد مغز بادام پوڈر کر کے ڈالیں اور ہلکے ہاتھوں سے دس منٹ کھرل کریں۔اب گلقند کے ساتھ کسی لنگری میں ڈال کر اس قدر گھوٹیں کہ مثل مرہم ہو جائے۔بس تیار ہے۔

مقدار خوراک۔۔ ایک ماشہ سے تین ماشہ روزانہ دو تین بار ہمراہ نیم گرم دودھ یا پانی۔ ایمرجنسی میں چھے ماشہ کی ایک خوراک دے سکتے ہیں۔ بھائی صاحب کو چھے ماشہ بقدر قلمی بیر کھلائی گئی تھی۔

مزاج ۔۔ سرکار کے ساتھ مزاج پر بات نہیں ہوئی۔میری ذاتی رائے ہے کہ اعصابی غدی (تر گرم) مسہل ہے۔

فوائد و خواص۔۔سوزش و زخم معدہ و امعا، ترشی تیزابیت، انتڑیوں کے خطرناک سدوں کو پانی کی طرح پتلا کر کے خارج کرتی ہے۔دائمی قبض کی بہت اچھی دوا ہے۔سرعت انزال اور قبض کے لیے مناسب مقدار میں روزانہ دو دفعہ کھلائیں۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

قرص تھوم

زبردست محرک معدہ ہے۔

ھوالشافی۔۔لہسن دیسی مقشر ایک چھٹانک۔سونٹھ قسم اول ایک چھٹانک۔نمک سیاہ اصلی ایک چھٹانک

ترکیب تیاری۔۔لہسن کی چٹنی بنا کر سونٹھ اور نمک سیاہ کا سفوف بنا کر اس میں ڈالیں اور خوب گھوٹ کر ایک ایک گرام کے چپٹے قرص بنا لیں اور دیسی گھی تھوڑا سا توے پر لگا کر بریاں کرلیں بس براؤن ہو جائیں مگر جلنے نہ پائیں۔کسی پیپر پہ اتارتے جائیں جب سب تیار ہو جائیں تو ائر ٹائٹ شیشی میں پیک کر لیں۔اگر ہوا لگتی رہے تو دوائی گیلی ہو کر جلد خراب ہو جاتی ہے۔

مقدار خوراک۔۔ایک تا دو قرص روزانہ دو تین بار بعد از غذا چوس کر کھائیں تاکہ منہ کے انزائم معدہ میں جائیں۔اگر چوسنا مشکل ہو تو چبا کر تھوڑے سے پانی کے ساتھ نگل

لیا کریں۔

مزاج ۔۔غدی اعصابی (گرم تر) محرک شدید

خواص و فوائد۔۔مقوی و محرک معدہ و امعاء، ہاضم طعام، محرک اشتہاء، کاسر ریاح،

میرے بڑے بھائی صاحب کا معدہ اس طرح ہو گیا تھا جیسے چند دن کے بچے کا۔کچھ بھی ہضم نہیں ہوتا تھا الٹی متلی اور پتلے اسہال ہوتے رہتے تھے۔صرف اس کے استعمال سے تندرست ہو گئے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

چورن ہاضم طعام

ھوالشافی۔۔پوست ہلیلہ 10 گرام۔پوست بلیلہ 10 گرام۔پوست آملہ 10 گرام سونف مقشر 10 گرام۔اجوائن دیسی 10 گرام۔انار دانہ ترش 10 گرام۔فلفل سیاہ 10 گرام۔فلفل دراز 10 گرام۔پودینہ 10 گرام۔نوشادر پرانی 5 گرام قلمی شورہ 5 گرام۔نمک سیاہ 20 گرام۔

ترکیب تیاری۔۔تمام اجزاء صاف ستھرے کر کے کوٹ پیس کر 60 نمبر کی چھاننی سے چھان لیں۔بس تیار ہے۔

مقدار خوراک۔۔ڈیڑھ ماشہ تا تین ماشہ کھانا کھانے کے بعد ہمراہ تازہ پانی روزانہ تین بار کھلائیں۔

خواص و فوائد۔۔کھایا پیا ہضم کرتی ہے۔مشتہی طعام ہے۔الٹی متلی دور کر کے مریض کی بھوک کھولتی ہے۔ریاح شکم خارج ہو کر پیٹ ہلکا پھلکا ہو جاتا ہے۔دائمی قبض کو رفع کرتی ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

پیام شفاء

(بچوں اور بڑوں کے لیے یکساں مفید)

ھوالشافی۔۔جوز ماثل 5 گرام۔نوشادر ٹھیکری 50 گرام۔قلمی شورہ 50 گرام فلفل سیاہ 50 گرام۔گیرو قسم اول 100 گرام

ترکیب تیاری۔۔سفوف بنالیں۔بس تیار ہے۔

مقدار خوراک۔۔بچوں کو ایک رتی بڑوں کو چار رتی دن میں تین چار بار ہمراہ پانی بعد از غذا

خواص و فوائد۔۔یہ نسخہ بھی عرصہ دراز سے ہمارے خاندان میں اسی نام سے تیار ہوتا ہے۔معدہ و امعاء کی اکثر امراض پر اکیلی یا دیگر نسخہ جات کے ہمراہ کھلائی جاتی

ہے۔بہت بہترین نتائج ملتے ہیں۔مؤثر اور بے ضرر دوائی ہے۔موسمی بخار، کھانسی، بھوک بند، پیٹ درد بدہضمی الٹی متلی وغیرہ پر بہت اعلیٰ اثرات مرتب کرتی ہے۔

ڈاکٹر سید تنویر حسین

اکسیر معدہ

هوالشافی۔۔ چینی۔ایک کلو۔میٹھا سوڈا۔آدھا کلو۔نوشادر۔ایک پاؤ۔زنجبیل۔پاؤڈر۔100 گرام۔ست لیمون۔50 گرام۔ست پودینہ۔10 گرام۔

ترکیب۔۔سب اجزہ پیس مکس کرلیں۔

خوراک۔۔ایک چٹکی پانی سے

فوائد ۔۔ہاضمہ کی خرابی بھوک نہ لگنا کھٹی میٹھی ڈکاریں

خشک امرت دھارا

هوالشافی۔۔ایک کلو میٹھا سوڈہ لیکے کسی روغنی ھانڈی یا پلاسٹک کے برتن میں رکھ کے لیموں کا رس اتنا ڈالین کے دو انگل اوپر رہے پھر کپڑہ باندہ کے دھوپ میں رکھ دیں جب بلکل خشک ھو جائے تو پیس کے سنبھال کے رکھ دیں۔

خوراک۔۔ایک رتی

فوائد۔۔ گیس قبض ھیضہ الٹی درد معدہ اور جلن کے لئے اکسیر ہے

آزاد بھٹو

مزیدار ھاضمہ دار

ٹیسٹی نسخہ

آپ سب بھائیوں کی نظر آج کا نسخہ آجکل دیکھو ھر کوئی معدے کا مریض بن چکا ھے کسی کو بوکھ نہیں لگتی کسی کا کھانا ھضم نہیں ھوتا تو کسی کو گیس ھے سو ان سب مرضوں کے لئے لاجواب نسخہ پیشِ خدمت ھے۔۔

ھوالشافی۔۔ پودینہ خشک۔20 گرام۔کالا زیرہ۔20 گرام۔دانہ الاپچی کلان۔10 گرام سنڈھ۔10 گرام۔فلفل دراز۔10 گرام۔انار دانہ خشک۔200 گرام۔مصری۔200 گرام۔ ان سب چیزوں کو الگ الگ پیں کے ملالیں آپ کا مزیدار نسخہ تیار ھے اگر مزہ نہ دے تو پیسے واپس۔

استعمال۔۔ اگر بوکھ نا لگے تو کھانے سے پھلے۔۔اگر ھاضمہ نا ھو گیس ھو تو کھانے کے بعد۔اور لوز موشن کے لئے بھی نایاب ھے۔

خوراک۔۔ تین گرام پانی سے

آزاد بھٹو

سفوف ھاجمولا

دوستو آج کے دور میں کھانا ھضم نا ھونا عام سی بات ھوگئی ھے زیادہ کھانا کھا جانا پیٹ پھول جانا ھضم نا ھونے سے لوگ بازاری ھاجمولا گولیاں استعمال کرتے ھیں پر ان کمپنی والوں نے اس میں بھی ملاوٹ کردی ھے وہ بھی خالص نہیں مل رھی ھیں جو پچھلے ملتی تھی جو لوگ کھاتے تھے ھاجمولا اسے پتہ ھوگا کہ اس کا ذائقہ اور اثر پچھلے جیسا نہیں ھے۔آیئے دوستو میں آج آپ کو ھاجمولا کا نسخہ بتاتا ھوں یہ ھر گھر میں تیار پڑی رھے ذائقہ بھی اور چٹخارہ بھی وھی ھاجمولا جیسا پر اس سے بھی زیادہ ھوگا جو آجکل مارکیٹ میں ھاجمولا مل رھی ھیں۔

ھوالشافی۔۔سماق دانہ = 20 گرام۔زیرہ سفید = 20 گرام۔اجوئن دیسی = 20 گرام۔نمک سیاہ = 20 گرام۔نوشادر ٹھکری = 20 گرام۔ھلیلہ سیاہ = 20 گرام

ترکیب۔۔سب کو الگ الگ باریک پیس کے پھر وزن کر کہ چھوٹی گولیاں بنا لیں۔

خوراک۔۔ ایک یا دو گولی کھانے کے بعد چوس لیں وھی ذائقہ وھی چٹخارہ۔

آزاد بھٹو

تریاق پیچش اکسیر

هوالشافی۔۔کالی ھریڑ بریاں ایک پاؤ۔دھی ایک کلو میں ملا کر رکھ دیں دھوپ میں۔
خشک ھونے پر پیس کر غبار کرلیں۔

خوراک۔۔گرام دھی کی لسی۔یاعرق سونف سے دیں تیس سال کا مجرب نسخہ
ھے۔پیچش مروڑ کا یک روزہ علاج ھے۔

حکیم خان محمد سومرو

امراض معدہ کیلئے

امراض معدہ بھوک کی کمی گیس بدہضمی تیزابیت قبض کھٹی ڈکاریں قے متلی ابکائی
سردرد ریح کے لئے مفید ہے

هوالشافی۔۔سونٹھ۔سوہاگہ بریاں۔ہینگ۔نمک سیاہ۔

سب ہم وزن کا سفوف بناکر پھر آب سوہانجنہ سے کھرل کرکے ایک ایک رتی کی گولیاں
بنالیں محفوظ رکھیں استعمال خوراک ایک ایک گولی صبح شام پانی سے استعمال کرائیں

صاحب نسخہ کا نام معلوم نہیں

عبدالکریم آزاد

معدہ کیلئے اکسیر

معدہ بھوک کی کمی پیٹ درد گیس ریح کے لئے مفید ہے

ھوالشافی۔۔1حصہ اجوائن دیسی۔3حصہ میٹھا سوڈا

سفوف بناکر محفوظ رکھیں استعمال خوراک نصف گرام صبح شام پانی سے استعمال کرائیں

قبلہ طیب الحق مرزا صاحب نے نسخہ بتایا میں نے بناکر استعمال کیا بہت ہی لاجواب رزلٹ ملتا ہے

عبدالکریم آزاد

السر معدہ

ھوالشافی۔۔1حصہ مصطگی رومی۔2حصہ گوند کتیرا۔دونوں کا باریک سفوف بناکر پھر مکس کرکے محفوظ۔

استعمال خوراک ۔۔نصف سے ایک گرام صبح دوپہر شام پانی سے استعمال کرائیں

عبدالکریم آزاد

تصدیق۔۔قدیم طب کا نسخہ ہے۔

میں نے بنایا ہے اور بہت زیادہ مفید پایا ہے۔

ریح کے 72 روگ دور کرتا ہے۔ایسا نسخہ کے ساتھ لکھا تھا کتاب میں۔

حکیم فیض الحسن فرام شاہ پور

سوزش و درد معدہ کے لئے

سوزش و درد معدہ کے لئے مفید مزید بھی کئی فوائد ہیں

ھوالشافی۔۔2حصہ نوشادر۔1حصہ سوہاگہ بریاں۔

دونوں کا باریک سفوف بناکر پھر مکس کرکے محفوظ رکھیں استعمال خوراک ایک ایک رتی صبح دوپہر شام تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

عبدالکریم آزاد

معدہ کے اکثر امراض کے لئے لاجواب رزلٹ کا حامل

ھوالشافی۔۔ریوند چینی۔سونف۔قلمی شورہ۔مصری۔

چاروں اجزاء برابر وزن سفوف بناکر پھر مکس کرکے محفوظ رکھیں استعمال خوراک ایک ایک گرام صبح دوپہر شام پانی سے استعمال کرائیں

صاحب نسخہ میرے ابتدائی استاد سنیاسی سید منظور حسین شاہ صاحب

عبدالکریم آزاد

سفوف کاربی

هوالشافی۔۔میٹھا سوڈا 1 کلو۔زنجبیل 1 پاؤ۔ست پودینہ 1 تولہ۔سفوف بنا لیں

مقدار خوراک۔۔500ملی گرام سے 1000 ملی گرام

صبح دوپہر شام۔

فوائد۔۔معدے کی جلن، تیزابیت،درد معدہ

حکیم میاں محمد صادق s/o حکیم میاں محمد صدیق

H. Pylori.

نشانیاں۔۔پیٹ میں درد۔ھاضمہ خراب۔اور اسہال۔

Blood Test. سے بھی پتہ چلتا ہے۔

میرا مجرب المجرب علاج۔دنون مین مریض ٹھیک ھو جاتا ہے۔

هوالشافی۔۔بڑی الائچی۔ستاوڑ۔زیرہ سیاہ۔ملٹھی 1۔1 تولہ۔مرچ سیاہ 3 گرام۔

خوراک۔۔ 5 گرام صبح و شام۔

کشتہ سنگجراح یا صلایہ سنگجراح در عرق گلاب۔ آدھا گرام 2 ٹائیم۔

پروفیسر دوست محمد چنا۔لاڑکانہ۔

هاضم شیرازی

ھوالشافی۔۔زیرہ سفید 500 گرام۔کالی مرچ 100 گرام۔سوڈا خوردنی 250 گرام

سفوف کرے محفوظ رکھیں۔

1 گرام تک مقدار خوراک دے سکتے ھے۔

معدہ کی جلن تیزابیت بھوک کا کم لگنا

جیسے امراض میں انتہائی کامیاب نتائج کی حامل دوا ھے

[5:28 a.m., 2021-06-23] +92 300 7538700: پیٹ کے ہر قسم کے کیڑے

معدہ کی جنرل اور ہالنگ کے کیے لاجواب تحفہ گروپ کی نظر

ھوالشافی۔۔چھلکا ہلیلہ زرد۔کمیلا۔باؤبڑنگ۔جوکھار۔نمک سیاہ

سب برابر وزن لے کر سفوف کر لیں دوا تیار ہے۔

طریقہ استعمال۔۔ایک چھوٹی چمچ نہار اور ایک چھوٹی چمچ عصر کے وقت دوا کھانے کے

چارر گلاس پانی پینا ہے پندرہ بیس منٹ بعد ایک سے پاخانے آیا کریں کوئی کمزوری

محسوس نہی ہوگی ایک ہفتہ معدہ زیرو میٹر ہو جائے گا انشاءاللہ

حکیم الفت محمود المعروف بابا سلطان آف قبولہ شریف 03007538700

السر کیلیے لاجواب اور مجرب ہے

ھوالشافی۔۔ ملٹھی۔گوند کیکر۔دھنیا۔رال سفید ہم وزن پیس کر سفوف بنا لیں

صبح شام ایک چمچ ہمراہ تازہ پانی۔

السر کیلیے لاجواب اور مجرب ہے

طبیب شعیب حسن

تصدیقی نسخہ نمبر 47 ہمدرد گروپ

عورت بلاکیج فلپین ٹیوب

ھوالشافی۔۔ اسگند ناگوری سو گرام۔ہلدی سو گرام۔میتھی دانے سو گرام۔زنجبیل سو

گوکھرو خورد مصفی سوگرام گرام۔

خوراک۔۔ ایک چمچ صبح و شام عرق گل منڈی کے ساتھ۔

لیکن میں نے اس کو تین ٹائم استعمال کیا ہے۔

اس نسخے کے استعمال سے عورت کے بلاکیج اٹھارہ دن میں ختم ہوئے۔

عطیہ۔۔ حکیم واجد اللہ خان

تصدیق۔۔ حکیم محمد خان نظامانی فرام سندھ۔

حکیم رضوان اللہ رفاعی فرام انڈیا

تحریر حکیم سید انور شاہ فرام کوھاٹ

شفائے معدہ و امعاء

هوالشافی۔۔سونف رومی 100 گرام۔ریوند خطائی 80 گرام۔الائچی کلاں 50 گرام سنڈھ 50 گرام۔گل سرخ ایرانی 50 گرام۔کاسنی 50 گرام۔دار چینی 50 گرام کوزہ مصری 400 گرام۔

صاف ستھری چیزیں لے کر سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک

صبح و دوپہر شام ہمراہ نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کروائیں چھوٹی چمچ

خواص و فوائد۔السر، زخم، سوزش و ورم معدہ و امعاء، تیزابیت کی تمام علامات پر ازبس مفید ہے۔کم خرچ بالا نشین کا مصداق نسخہ ہے

حکیم میاں محمد صادق s/o حکیم میاں محمد صدیق

تریاق پیچش

هوالشافی۔۔پوست ہلیلہ زرد (بریاں) اجوائن دیسی زیرہ سفید تمام اجزاء برابر وزن لے کر سفوف کرلیں صبح دوپہر شام دو ماشہ دھی کے ساتھ استعمال کروائیں خونی پیچش سادہ پیچش اور سنگرہنی کے لئے مجرب المجرب ہے عرصہ 15 سال سے معمول مطب ہے۔

حکیم میاں محمد صدیق کنگن پور

تریاق معدہ

هوالشافی۔۔اجوائن دیسی- 10 تولہ۔پودینہ دیسی- 5 تولہ۔گندھک آملہ سار- 5 تولہ

سفوف بنالیں۔

500ایم جی سے لے کر 1000 ایم جی تک دے سکتے ہیں۔

حکیم میاں محمد صدیق کنگن پور قصور

اسہال کیلئے ڈائیرن پوڈر

عطیہ۔۔پروفیسر حکیم اظہر خان بلوچ

هوالشافی۔۔مروڈ پھلی۔موچرس۔لودھ پٹھانی۔رال سفید۔بیلگری۔کڑاچھال۔مازو۔

زہرمہرا خطائی۔پھٹکڑی سفید بریاں۔نسپال۔ہموزن سفوف بنالیں

مقدار خوراک۔۔500ملی گرام سے 1000 ملی گرام کیپسول

چھوٹے بچوں کے لئے ایک رتی سے دو رتی۔

حکیم میاں محمد صادق s/o حکیم میاں محمد صدیق

دہی والی پڑی

یہ میرے والد محترم کا صدری نسخہ ہے

هوالشافی۔۔ہلیلہ سیاہ۔کوکنار۔سنڈھ۔سونف۔برابر وزن گھی میں بریاں کریں

مقدار خوراک۔۔2سے 3 گرام ہمراہ دہی

ان شاءاللہ 2،3 پڑیوں سے ہی پیچش رک جاتے ہیں

حکیم میاں محمد صادق s/o حکیم میاں محمد صدیق

سفوف پیچش

عطیہ۔۔ حکیم بابا الفت سلطان قبولہ

هوالشافی۔۔سونف بریاں 100 گرام۔ہلیلہ سیاہ بریاں 100 گرام

سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک۔۔1سے 3 گرام

حکیم میاں محمد صادق s/o حکیم میاں محمد صدیق

سفوف ہندی سنگرہنی

ھوالشافی۔۔ کڑا چھال - 100 گرام۔ بلیگری - 50 گرام۔ نسپال - 50 گرام

سفوف بنا لیں۔

500ایم جی سے لے کے 1000 ایم جی صبح دوپہر شام ۔

اس کے ساتھ۔۔ معجون سنگدانہ مرغ۔ جوارش مصطگی رومی۔ جوارش انارین

ان کو تینوں کو آپس میں مکس کر لیں۔

مقدار خوراک۔۔ ایک چمچ صبح دوپہر شام

سنگرہنی کے لیے بہترین کمبینیشن ہے، بنائیں اور دعاوں میں یاد رکھیں

حکیم میاں محمد صادق s/o حکیم میاں محمد صدیق

مقوی معدہ قے متلی ہیضہ گیس قبض کے لیے

عطیہ۔۔ پروفیسر حکیم سید محمد شاہ صائم

ھوالشافی۔۔ پوست سنگدانہ مرغ 100 گرام۔ پوست ترنج 100 گرام۔ پوست بیرون پستہ 100 گرام۔ مغز جائفل 50 گرام۔ ست پودینہ 10 گرام۔ ست اجوائن 10 گرام

تمام چیزیں صاف ستھری لے کر سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک۔۔500ملی گرام سے 1000 ملی گرام کیپسول بھر لیں۔

یہ نسخہ میں 1995 سے بنا رہا ہوں بہت اعلٰی رزلٹ ہے۔

فوائد۔۔مقوی معدہ، قے، متلی، ہیضہ، گیس، قبض کے لیے لاجواب ہے

تصدیق نسخہ

حکیم میاں محمد صادق s/o حکیم میاں محمد صدیق

سفوف شونیز

ھوالشافی۔۔کلونجی۔اجوائن دیسی۔اجوائن کرفس۔سونف۔نوشادر۔زیرہ سفید۔کالی مرچ۔

کالا نمک۔ہر ایک ہموزن سفوف کر لیں۔

2 تا 2.5 ماشہ ہمراہ پانی دیں۔

گیس۔پیٹ درد۔اپھارہ کا بہترین مجرب نسخہ ہے۔

حکیم فیض الحسن فرام شاہ پور صدر ضلع سرگودھا

درد معدہ

اس کی تین صورتیں

1۔۔معدہ میں درد کا احساس ہوتا ہے۔منہ میں رطوبت کی زیادتی۔جی متلانا۔ابکائی۔

قے۔ہاضمہ خراب۔اور تھوک کی کثرت

اسباب۔بلغمی اشیاء کا کثرت ہیضہ بد ہضمی

2۔۔شکم میں نفخ۔قراقر۔ترش ڈکاریں۔بے چینی۔شدید قبض۔ہونے سے قولنج کی سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے

اسباب۔ترش اشیاء کا کثرت استعمال۔ٹھوس اور دیر ہضم اشیاء کا کثرت استعمال۔بلا ضرورت کھانا

3۔۔معدہ میں درد پیاس کی کثرت۔زرد رنگ کی قے۔پیشاب میں جلن اور براز مروڑ سے آتا ہے دل گھبراتا ہے بے چینی سے نیند ختم ہاتھ اور پاؤں میں جلن جسم کا رنگ پیلا

اسباب۔۔گرم اشیاء کا کثرت استعمال۔گرم آب وہوا

درد معدہ اور آمعاء کی تمام صورتوں میں اور جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو رہا ہو یہ نسخہ بہت موثر ہے۔

اکسیر درد معدہ

ھوالشافی۔۔زنجبیل۔فلفل سیاہ۔فلفل دراز۔پپلامول۔بچ چترک۔زیرہ سیاہ۔زیرہ سفید۔ ہینگ بریاں۔بیش مدبر۔ہر ایک 10 گرام سفوف بنائیں اور بعد میں آب لیموں

50 ملیگرام کھرل کریں بعد آب ادرک 50 ملیگرام کھرل کر لیں حب نخود بنائیں اب نیم گرم ایک سے دو گولی استعمال کریں۔

حکیم الحاج عبد الجبار ناصر شیخوپورہ

ایچ پائلوری کیا ہے؟

ہیلی کوبیکٹر پائلوری (H. pylori) ایک قسم کا بیکٹیریا ہے۔یہ جراثیم جسم میں داخل ہو کر نظام انہضام میں رہتے ہیں۔بہت سالوں کے بعد ، وہ معدے کی استر یا چھوٹی آنت کے اوپری حصے میں السر کے نام سے ، زخموں کا سبب بن سکتے ہیں۔کچھ لوگوں کے لئے ، انفیکشن پیٹ کے کینسر کا باعث بن سکتا ہے H. pylori کے ساتھ انفیکشن عام ہے۔دنیا کی تقریبا two ، زیادہ تر لوگوں کے دوتہائی آبادی کے جسم میں موجود ہے۔زیادہ تر لوگوں کے اس سے السر یا کوئی دوسری علامت ظاہر نہیں ہوتی۔

کئی دہائیوں تک ، ڈاکٹروں کا خیال تھا کہ لوگوں کو سٹریس ، مسالہ دار کھانے ، تمباکو نوشی یا طرز زندگی کی دیگر عادات سے السر ہوتا ہے۔لیکن جب سائنس دانوں نے 1982 میں ایچ پائلوری کا پتہ چلایا تو انھوں نے پایا کہ یہ جراثیم زیادہ تر پیٹ کے السر کی وجہ ہیں۔

ایچ پایلوری کے جسم میں داخل ہونے کے بعد ، یہ پیٹ کی حفاظتی پرت پر حملہ کرتا ہے ، جو آپ کو تیزاب سے بچاتی ہے یہ تیزاب کھانا ہضم کرنے کے لئے

استعمال ہوتا ہے۔جب بیکٹیریا نے کافی نقصان کیا ہو تو، تیزاب استر کے ذریعے معدہ کی اندرونی پرت پر اثرانداز ہوتا ہے۔جس سے السر بن جاتا ہے۔یہ خون بہہ سکتا ہے اور انفیکشن کا سبب بن سکتا ہے، یا کھانے کو ہضم کے عمل میں منتقل ہونے سے روک سکتا ہے۔

کھانا، پانی، یا برتن سے ایچ پایلوری حاصل کرسکتے ہیں۔یہ ان ممالک یا برادریوں میں عام ہے جن میں صاف پانی یا نکاسی کے نظام کی کمی ہے۔متاثرہ لوگوں کے تھوک یا جسم کے دیگر سیالوں سے رابطے کے ذریعہ بھی بیکٹیریا لگ سکتا ہے

بہت سارے لوگوں کو بچپن میں ایچ پائیلوری کی چھوت لگ جاتی ہے، لیکن بڑوں کو بھی لگ سکتا ہے۔جراثیم علامات شروع ہونے سے پہلے ہی سالوں تک جسم میں رہتے ہیں، لیکن زیادہ تر افراد کو کبھی السر نہیں ہوتا ہے۔ڈاکٹروں کو اس بات کی سمجھ نہیں ہے کہ انفیکشن کے بعد صرف کچھ لوگوں کو السر کیوں ہوتا ہے۔

علامات۔۔پیٹ میں ہلکا سا درد یا جلن۔لیکن آپ کو شاید اس وقت سب سے زیادہ محسوس ہوگا جب آپ کا پیٹ خالی ہو جیسے کھانے کے درمیان یا رات کے وسط میں۔یہ چند منٹ یا گھنٹوں تک چل سکتا ہے۔کھانے, دودھ پینے، یا اینٹاسڈ لینے کے بعد بہتر محسوس کرسکتے ہیں۔

السر کی دیگر علامات درج زیل ہیں

پیٹ پھولنا۔بھوک نہ لگنا۔متلی۔الٹی۔بغیر کسی واضح وجہ کے وزن کم ہونا

السر پیٹ یا آنتوں سے خون بہا سکتا ہے ، جو صحت کے لئے خطرناک ہو سکتا ہے۔

پاخانہ میں خون ہونا ، گہرا سرخ ، یا سیاہ رنگ ہونا۔سانس لینے میں دشواری۔

جلد کا پھیکا رنگ چکر آنا یا بیہوش ہونا۔بلا وجہ بہت تھکاوٹ محسوس کرنا۔

الٹی جس میں تازہ یا سیاہ جما ہوا خون ہو۔شدید اور تیز پیٹ درد۔

تشخیص۔۔خون اور پاخانہ کے ٹیسٹ ، جو انفیکشن تلاش کرنے میں مدد کرسکتے ہیں

یوریا بریتھ ٹیسٹ۔۔ایک خاص مائع پلایا جاتا ہے جس میں یوریا نامی مادہ ہے۔تب ایک بیگ میں سانس لیں گے ، جسے ڈاکٹر لیب میں جانچ کے لئے بھیجے گا۔اگر ایچ پائیلوری ہے تو ، بیکٹیریا آپ کے جسم میں یوریا کو کاربن ڈائی آکسائیڈ میں تبدیل کردیں گے ، اور لیب ٹیسٹ سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کی سانس مین کاربن ڈائی اوکسائیڈ گیس عام سطح سے زیادہ ہے۔اوپری معدے کی اینڈوسکوپی۔

ہسپتال میں ، ڈاکٹر آپ کے گلے اور پیٹ اور آپ کی چھوٹی آنت کے اوپری حصے کو دیکھنے کے لئے ایک چھوٹے سے کیمرہ والی ٹیوب استعمال کرے گا ، جسے اینڈوسکوپ کہا جاتا ہے۔اس طریقہ کار کو نمونہ جمع کرنے کے لئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے جس کی جانچ بیکٹیریا کی موجودگی کے لئے کی جائے گی۔

اپر جی آئی ٹیسٹ۔۔ہسپتال میں ایسا مائع پلایا جاتا ہے جس میں بیریم نامی مادہ ہوتا ہے پھر ایکسرے لیا جاتا ہے۔سیال آپ کے گلے اور پیٹ کوٹ دیتا ہے اور انھیں امیج پر واضح طور پر دکھاتا ہے۔

کمپیوٹڈ ٹوموگرافی (سی ٹی) اسکین۔یہ ایک طاقت ور ایکس رے ہے جو جسم کے اندرونی حصوں کی تفصیلی تصاویر بناتا ہے۔

ایچ pylori کے لئے علاج

اگر آپ کو ایچ پائوری کی وجہ سے السر ہے تو، آپ کو جراثیم کو مارنے، پیٹ کی پرت کو مندمل کرنے اور زخموں کو واپس آنے سے روکنے کے لیے علاج کی ضرورت ہوگی۔ عام طور پر بہتر ہونے میں 1 سے 2 ہفتوں کا علاج ہوتا ہے۔

آپ کے جسم میں بیکٹیریا کو مارنے کے لئے اینٹی بائیوٹکس، جیسے اموکسیلن، کلیریٹومائسن (بیاکسن)، میٹرو نیڈازول (فیلیجیل)، ٹیٹرا یسکلائن (سمائسن)، یا ٹینیڈازول (ٹنڈامیکس)۔آپ کو اس گروپ سے کم از کم دو لینا پڑیں گی۔

نیز ایسی دوائیں جو پیٹ میں تیزاب کی مقدار کو کم کرتی ہیں۔ان میں ڈیکلنسوپرازول (ڈیکسیلنٹ)، ایسومیپرازول (نیکسیئم)، لینسوپرازول (پریواسڈ)، اومیپرازول (پریلوسیک) پینٹوپرازول (پروٹونکس)، یا رابپرازول (ایکیفیکس) شامل ہیں۔

بسمت سب سیلیکیٹ ، جو آپ کے اینٹی بائیو ٹکس کے ساتھ ساتھ ایچ پائلوری کو بھی ہلاک کرنے میں مددگار ہو سکتی ہے

ایسی دوائیں جو تیزاب پیدا کرنے والے کیمیکل ہسٹامائن کو روکتی ہیں۔۔یہ سیمیٹائڈائن (ٹیگامیٹ) ، فیموڈائڈین (فلوکسڈ ، پیپسیڈ) ، نیزٹائڈین (ایکسیڈ) ، یا رانٹائڈائن (زینٹاک) ہیں۔

علاج کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ آپ چند ہفتوں کے لئے روزانہ 14 یا اس سے زیادہ گولیاں کھائیں گے ، جو لگتا ہے کہ بہت سی دوائی ہے۔لیکن واقعی یہ ضروری ہے کہ آپ جو کچھ بھی ڈاکٹر کے مقرر کردہ ہے ان سب کو لیں اور ان کی ہدایتوں پر عمل کریں۔اگر آپ اینٹی بائیوٹک کو صحیح طریقے سے نہیں اپناتے ہیں تو ، آپ کے جسم میں بیکٹیریا ان کے خلاف مزاحم بن سکتے ہیں ، جس سے انفیکشن کا علاج مشکل ہو جاتا ہے۔اگر آپ کی دوائیں آپ کو پریشان کرتی ہیں۔

اپنے علاج سے فارغ ہونے کے لگ بھگ 1-2 ہفتوں کے بعد ، آپ کا ڈاکٹر آپ کی سانس یا اسٹول کا دوبارہ معائنہ کرسکتا ہے تاکہ یہ یقینی بنائے کہ انفیکشن ختم ہو گیا ہے۔

مختلف مجرب طبی علاج

نظریہ اربعہ کی ایم سی جے اور ملین 5 دن مین تین بار مسلسل دینا مجرب ہے۔

ھوالشافی۔۔ ہلدی بیس گرام۔ ملٹھی بیس گرام۔ سونف بیس گرام۔ گوند کیکر بیس گرام۔ ریوند خطائی چالیس گرام۔ سہاگہ بریاں بیس گرام۔

ترکیب تیاری۔۔ سہاگہ کو توے پر ڈال کے بریاں کر لے اور سفوف بنا لے اور باقی سب اجزا کا بھی سفوف بنا کے مکس کر لے تیار ہے۔

مزاج ۔۔ گرم تر۔

خوراک۔۔ تین گرام صبح دوپہر شام کھانے کے بعد

فوائد ۔۔ خشکی سے ہونے والے تمام امراض, تزابیت سے ہونے والے امراض, کثرت حیض, بندش حیض, سوزش حیض, رحم میں پانی کی تھلیاں, کمر کا درد , رحم کا لٹکنا, عورتوں کو وزن پڑھنا, لیکوریا, کمزوری, جسمانی کمزوری, ٹی بی ,معدے کی خرابی , ایچ پائیلوری , کے لیئے آزمودہ ہے

مجرب از حکیم برس حسین طبیب فرام وزیر آباد

تصدیقی نسخہ برائے السر معدہ ایچ پائیلوری سوزش معدہ و امعاء۔ انجکشن سے تیز کام کرنے والا۔ میں نے اسکو ایک سو فیصد کامیاب پایا ہے بہترین رزلٹ مل رہے ہیں۔

ھوالشافی۔۔ شیر شتر 6 کلو۔ شیشہ نمک کپڑ چھان شدہ 6 تولہ۔ ہلدی ثابت کپڑ چھان شدہ 7 تولہ۔ تج قلمی کپڑ چھان شدہ 7 تولہ۔ دانہ الائچی پاؤڈر 1 تولہ۔ زعفران پاؤڈر 1 تولہ

الائچی کلاں 3 تولہ (اسکا جوشاندہ تیار کرنا ہے ایک پاؤ پانی میں جب آدھ پاؤ رہ جائے تو پن چھان کر رکھ لیں۔

سب سے پہلے دودھ کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور شیشہ نمک ڈال دیں جب تین چار ابالے آجائیں تو ہلدی ڈال دیں آگ نرم ہو اور ہلاتے رہیں جب دودھ آدھا رہ جائے تو اس میں تج قلمی ڈال دیں اور ہلاتے جائیں۔۔۔پھر جب مزید دودھ آدھا رہ جائے تو دانہ الائچی خورد اور زعفران ڈال دیں لگاتار ہلاتے جائیں پھر جوشاندہ الائچی کلاں ڈال دیں آگ مزید نرم کر کے لگاتار ہلاتے جائیں۔اسکا کھویا تیار کر لیں مگر دھیان رہے کہ کھویا جلنا نہیں چاہیے لگاتار ہلانا ہے جب کھویا ہو جائے تو اسکو آگ سے اتار کر دھوپ میں خشک کر کے ایک بار سب کو دوبارہ پیس لیں دوا تیار ہے۔

مقدار خوراک۔۔ ایک ماشہ صبح و شام خالی پیٹ۔

یہ نسخہ میں نے ایچ پائیلوری کے بہت سے مریضوں پر بہت مفید پایا ہے۔

مجرب از حکیم عثمان شبیر گولڑہ شریف اسلام آباد۔

ھوالشافی۔۔ترپھلا سو گرام۔سفوف قشر بندق سو گرام۔سفوف ہلدی پچاس گرام۔سفوف سونف پچاس گرام۔سفوف ملٹھی مقشر پچاس گرام۔سونٹھ پچیس گرام مصطگی رومی صلایہ با ترکیب خاص پچیس گرام۔ترپھلا اور سفوف قشر بندق دونوں

اشیاء کی پوٹلی بنا کر شیر گاؤ میں تین دن کے لئے ڈول جنتر کریں۔ دودھ روز تبدیل کرنا ہے۔

بعد ازاں اسے خشک کر لیں۔ اور سفوف سونف ، سفوف ہلدی، سفوف ملٹھی، سفوف سونٹھ، مصطگی رومی مدبر ڈال کر سب اشیاء آپس میں اچھی طرح مکس کر لیں۔ بہتر نتائج کے لئے ایک تولہ زعفران کا اضافہ کر سکتے ہیں

ایک گرام والا کیپسول صبح دوپہر شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

حکیم عطاءالرحمن

تصدیق شدہ نسخہ

سفوف شفائے معدہ

ھوالشافی۔۔ تخم الائچی خورد 10 گرام۔طباشیر نقرہ 50 گرام۔رال سفید 100 گرام

ترکیب تیاری ۔۔ تمام اجزا کا سفوف بنا لیں پھر کپڑ چھان کر لیں۔

طریقہ استعمال ۔۔ کھانے سے 15 منٹ پہلے یا 30 منٹ بعد پانی سے لیں۔چھوٹا چائے والا چمچ خوراک ہے۔صبح دوپہر شام تین ٹائم استعمال کرنا ہے۔یہ بذات خود میں نے استعمال کیا ہے۔

فوائد۔۔ ایچ پائیلوری منہ کا ذائقہ خشک ہونے میں۔سینے کی جلن۔منہ کی کڑواہٹ میں نظر کی کمزوری میں۔سر پر بوجھ ہونا۔کھانا کھانے کے بعد طبیعت بوجھل ہونا۔طبیعت کی اداسی اور بے چینی۔خوراک لینے کے چند منٹ بعد ہی طبیعت ہشاش بشاش اور فریش ہوجاتی ہے۔تیزابیت اور زخم معدہ پر لاجواب رزلٹ ہیں۔

ڈاکٹر حکیم طاہر جان

یہ نسخہ ایچ پائلوری کے علاوہ امراض قلب پر بھی کام کرتا ہے۔انتڑیوں کی سوزش پر بھی کام کرتا ہے۔بڑے زبردست اس کے نتائج ہیں۔

ھوالشافی۔۔برگ افسنتین 5 تولہ۔گل گاؤزبان 5 تولہ۔گلسرخ ایرانی 5 تولہ۔کپور کچری 5 تولہ۔کلونجی 5 تولہ۔نگند بابری 5 تولہ۔تخم ستیاناسی 5 تولہ۔الائچی خورد 5 تولہ سالم چھلکے سمیت۔دھماسہ 10 تولہ

ترکیب تیاری۔۔تمام اجزا ملا کر پیس کر سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک۔۔چار رتی تا ایک ماشہ کیپسول میں صبح و شام عرق گاؤزبان کے ساتھ دیں۔

خواص و فوائد۔زبردست مصفیٰ خون بھی ہے۔دل کے والو کھولتا ہے۔ایچ پائلوری معدہ کی سوزش وسوجن دور کرتا ہے۔سر سے پاؤں تک کہیں بھی ورم ہو جائے۔چاہے یہ سوجن و ورم ہارٹ کی وجہ سے آیا ہو، جگر کی وجہ سے آیا ہو۔گردوں کی وجہ

سے آئی ہو۔انشاء اللہ اتر جائے گی۔دل بڑھ جانے کا نہایت ہی مجرب نسخہ ہے۔اس کو اصلی حالت میں لے آتا ہے۔انتڑیوں کی سوزش یا سوجن دور کر دیتا ہے۔بخاوروں کو اتارتا ہے۔سردی کا بخار، رات کو آنے والا بخار اتارتا ہے۔اس کو استعمال کریں بہت اچھا نسخہ ہے۔

حکیم واجد اللہ خان چشتی صابری

گھریلو ٹوٹکوں سے علاج

ریوند چینی پیس کر ،ایک گلاس پانی میں دوچٹکی ریوند چینی اور ایک چمچ اسپغول ملا کر پی 1 لیں دن میں دو مرتبہ۔ تیس سے چالیس دن تک استعمال کریں۔السر ،چھوٹی بڑی آنت کے زخم،اسٹول میں بلڈ اور ایچ پائیلوری بھی ٹھیک ہوجائے گا۔

سوسی (ہلدی، ملٹھی، سونف) دو گرام کے ساتھ افسنتین 1 گرام صبح دوپہر شام 20 سے 30 دن تک مسلسل دیں ایچ پایلوری مکمل نیگٹو ہو جاتا ہے۔

کشتہ سنکھ۔طباشیر۔۔الائچی سبز۔۔ہلدی، سونف، ملھٹی سب ادویہ برابر ملاکر تین گرام 3 صبح شام دیں۔

ہلدی، پھٹکڑی سفید خام برابر وزن پیس لیں اور 500 ملی کیپسول صبح شام دیں۔ایچ 4 پائیلوری اور معدے آنتوں کے ہر قسم السر کا مجرب علاج ہے۔جریان خون کو بھی

روک دیتا ہے۔

تحریر و تحقیق

ڈاکٹر حکیم سید رضوان شاہ گیلانی۔گوجر خان

ایچ پائلوری

علامات سے تشخیص۔۔زبان کا رنگ حلق تک ہلکی سفیدی سبزی مائل پلاہٹ۔

چہرے کا رنگ ہلکا زرد سفید یا سیاہ۔اکثریت جسامت دبلے پتے اور کمزور

انجانہ ڈر خوف اور ساتھ بزدل۔میں یہ علامات بھی ایچ پائلوری کے مریض میں دیکھی

ہیں۔ایسے مریض کے لیے باقی اساتذہ کے نسخہ جات استعمال کریں میں آپ کو استاد

واجداللہ خان صاحب کا ریڈی میٹ نسخہ بتاتا ہوں جو میرا مجرب اور کئی مریضوں پے

آزمودہ بھی ہے۔

ہمدرد کمپنی کی پانچ پراڈکٹ ساشوں میں مکمل ڈبے خرید لیں۔

ادویات کا نام۔

سوسی۔جگرین۔قرعین اندرمالی۔کیسری

ان پانچوں ڈبوں سے ساشے نکال کر گرائنڈ کر لیں۔

مقدار خوراک۔۔نہار منہ 2 تا 3 گرام نیم گرم پانی سے۔

فوائد۔۔السر معدہ۔تیزابیت خوف۔ڈپریشن پے بہترین کام کرتا ہے بنائیں اور دعاہوں میں یاد رکھیں۔

کورس ۔۔ایک ماہ سے حد پانچ ماہ تک

پاخانہ سے تشخیص

پاخانہ کی حالت کو خوب مدنظر رکھنا چاہیے اگر براز کا قوام سخت ہو اور رنگت سرخ ہو تو تیزابیت کی وجہ سے مرض ہے اور اگر براز کا رنگ زرد ہے اور اسمیں جلن ہے اور تھوڑا تھوڑا خارج ہوتا ہے تو صفرا کی علامت ہے اور اگر براز سفیدی مائل ہے اور پتلا سا خارج ہوتا ہے ساتھ لیسدار مادہ خارج ہوتو بلغم کا بگاڑ ہے اور اگر براز سیاہی مائل ہو اور سدوں کی طرح آئے ساتھ قبض ہو تو یہ سردی کی علامات ہوتی ہیں ایچ پائلوری و امراض معدہ و امعاء میں خصوصا براز کو ضرور تشخیص کے لیے سوال کرنا چاہیے اس کافی مدد ملتی ہے پرانے اطباء قارورہ کے ساتھ براز کا مشاہدہ بھی کیا کرتے ہیں امراض کرانک میں خاص کر اللہ کریم ہم سب کا ادراک کھولے۔

درد معدہ کے لئے

درد معدہ کے لئے آسان اور بہترین رزلٹ کا حامل نسخہ جو بھی بنائے گا دعاؤں میں یاد

رکھے گا۔

هوالشافی۔۔ تخم بالنگو 250 گرام۔اجوائن دیسی 30 گرام۔سفوف کرلیں ایک سے دو گرام دن میں دو سے تین بار ہمراہ پانی درد معدہ میں شاندار رزلٹ ملتے ہیں۔

کچھ مریض کہتے ہیں درد پسلیوں کی طرف اور کندھوں کی طرف جاتا ہے انکو لازمی استعمال کرائیں۔

یہ نسخہ حکیم احمد فرام قبولہ شریف نے گروپ میں سینڈ کیا بناکر دیکھا بہترین رزلٹ ملے۔

حکیم محمد اسحاق

شربت راحت /اجڑے ہوے معدہ کے لیے

هوالشافی۔۔بادیان ملٹھی کشنیز خشک کچور ہر ایک پانچ پانچ تولہ زیرہ سیاہ دو تولہ سب کو دردرا کرکے رات کو تین کلو پانی میں بگھو دیں اور صبح ہلکی آنچ ہر جوش دیں

جب پانی نصف رہ جاے تو پن چھان کر ڈیڑھ کلو چینی ڈال کرمعروف طریقہ سے شربت تیار کریں اور آخر میں ایک ماشہ ست پودینہ کھرل کر کے شربت میں اچھی طرح مکس کر دیں۔دو بوتل شربت تیار ھے۔

مقدار خوراک۔۔ زیادہ مرض میں ایک چمچ چاول والا دن میں تین ٹائم اور کم مرض میں دن میں دو ٹائم پلائیں۔

فوائد۔۔ معدہ کے تمام امراض میں یکساں مفید ھے

حکیم ماجد ورک قائد آباد خوشاب

معدہ کی اصلاح کیلئے ہاضم بوجہ خشکی مسائل

ھوالشافی۔۔ سنڈھ 1 تولہ، کالی مرچ 1 تولہ، نوشادر ٹھکری 1 تولہ، نمک کالا 1 تولہ، پودینہ 4 تولہ، میٹھا سوڈا 4 تولہ، سونف 10 تولہ، زیرہ سفید 2.5 تولہ، ریوند خطائی 2.5 تولہ، ہلدی 2.5 تولہ، خوردنی نمک 5 تولہ یا حسب ذائقہ۔ سب کا پاوڈر کریں مکس کر کے رکھیں۔ ہر کھانے کے بعد چٹکی۔ بھت اعلی رزلٹ کا حامل نسخہ ہے۔

سفوف ٹھنڈک

ھوالشافی۔۔ سونف 50 گرام۔ کشنیز خشک 50 گرام۔ تخم کاسنی 50 گرام۔ طباشیر نقرہ 25 گرام۔ کوزہ مصری 50 گرام۔

سب سفوف کرلیں آدھی چمچ پانی یا دودھ سے دو سے تین ٹائم مرض کے مطابق

فوائد۔۔ گرمی معدہ و جگر دل گھبراہٹ اختلاج قلب ہاتھ پاؤں اور سینے و پیشاب کی

جلن احتلام و جریان نیز گرمی کے جملا امراض پر لاجواب رزلٹ ہے معمول مطب ہے

گرمیوں کا خاص تحفہ ہے

حکیم الفت محمود المعروف بابا سلطان آف قبولہ شریف

سفوف حدت

هوالشافی۔۔چرائتہ دوتولہ۔شاہترہ دوتولہ۔منڈی بوٹی روتولہ۔سرپھوکہ دوتولہ۔صندل سرخ دو تولہ۔تمام ادویہ کا موموٹا موٹا سفوف کر لیں اور بارہ پڑیہ بنالیں۔

ترکیب استعمال۔۔ایک پڑیہ رات کو ایک گلاس پانی میں بھگو دیں اور صبح نہار پن کر پی لیں بارہ دن کافی ہے

فوائد۔حد خون پیلا یرقان اور کرمی کی وجہ سے قبض گرمی دانے اور پت کے لیے مجرب اور معمول مطب ہے

کڑوا ہے لیکن جس نے پی لیا دوباہ آ کے ضرور طلب کرے گا

احقرالعباد حکیم الفت محمود المعروف بابا سلطان آف قبولہ شریف

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — وعلیٰ الک واصحابک یا سیدی یا حبیب اللہ

خوشخبری — خوشخبری

چلو چلو ساہیوال چلو — TFP — چلو چلو ساہیوال چلو

بتاریخ: 29-28 اگست 2021 بروز ہفتہ - اتوار

طبی فاؤنڈیشن پاکستان (TFP)

کے زیرِ اہتمام پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار

بین الاقوامی طب و کشتہ سازی ورکشاپ

جس میں ایک ہی چھت کے نیچے حکماء حضرات، اطباء کرام، مایہ ناز سنیاسی حضرات، مایہ ناز ماہرین کشتہ جات، مایہ ناز ماہرین نباض آپ کو سکھانے کے لیے موجود تمام حکماء، اطباء کالج کے سٹوڈنٹس اور دلچسپی رکھنے والے حضرات اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھائیں۔

کرونا SOP کے تحت نشستیں مخصوص ہیں۔ پہلے آیئے پہلے پایئے کے تحت اپنی نشست محفوظ فرمالیں تاکہ بعد میں پچھتاوا نہ ہو۔

حکیم میاں غلام جیلانی دوبئی
چیئرمین — رابطہ نمبر: +923004739950، +971556718270

الماس خاں غواصی
صدر — رابطہ نمبر: +923006884315

حکیم امانت علی تبسم میاں چنوں
جنرل وفنانس سیکرٹری — رابطہ نمبر: +923006884315

حکیم نذیر احمد قصوری
سیکرٹری اطلاعات ونشریات — رابطہ نمبر: +923065592853

نوٹ: رجسٹریشن جاری ہے۔ انٹری فیس: -/3000 روپے صرف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

* الحمد اللہ رب العالمین *

* السلام علیہم *

خوشخبری خوشخبری خوشخبری

تاریخ میں پہلی بار ساہیوال شہر میں

روزہ بین الاقوامی سنیاسی کشتہ پریکٹیکل ورکشاپ 2

مورخہ

اگست 2021 *29*28*

بروز ہفتہ اتوار

کو منعقد ہو رہی ہے

جس میں دنیا بھر سے معزز ماہرین فن استاد الحکماء علم سنیاس کے ماہرین تشریف لا رہے ہیں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ

اس ورکشاپ میں محض چند گھنٹوں کی محنت سے حاصل کردہ کثر الفوائد کشتہ جات کے راز افشاں کیے جائیں گے۔

یہ فن پہلے اتنا آسان نہیں تھا۔

اسکے علاوہ ماہرین نباض نبض کے رموز سکھائیں گے۔

ماہرین اساتذہ گل حکمت دھاتوں کو مصفی کرنا پتال جنتر کپڑوٹی تشویہ خانہ ساز روغن بہروزہ بنانے کے گر سکھائیں گے۔

علاوہ ازیں علم فن کشتہ سازی کے لئے بہت کچھ سیکھنے کو ملے گا۔
جڑی بوٹیوں کے استعمال پر روشنی ڈالیں گے تازہ جڑی بوٹیوں کا نغدہ بنانے کے رموز سے آگاہی حاصل ہوگی فن علم سنیاس وکشتہ سازی طب کو حاصل کرنے کی جستجو لگن شوق وذوق رکھنے والے تمام احباب کو دعوت دی جاتی ہے اس عظیم الشان فن کے حصول کے لئے تشریف لائیں اس سنہری موقع سے علم حاصل کریں

انٹری فیس فی مبلغ

ہزار رپیہ *3000*

انٹری فیس ان نمبرز پر جمع کرائیں۔

Jazz Cash Account 00923006884315

Easy Paisa account

00923457071351

جناب محترم حکیم امانت علی تبسّم صاحب جنرل وفنانس سیکرٹری

مزید تفصیلات کے لئے

رابطہ نمبر

چیئرمین میاں غلام جیلانی دوبئی

00971556718270

00923004739950

صدر الماس خاں غواصی صاحب

00923006089509

سینئر نائب صدر عبد الکریم آزاد

00923458989194

وائس فنانس سیکرٹری حکیم ذیشان وہاڑی صاحب

00923000371405

انتظامیہ امور جناب منور خان صاحب

00923086254362

صدر سندھ حکیم منیر رمضان صاحب

03158698222

حکیم عبد الرزاق نائب صدر پنجاب

03032592164

حکیم قیوم خان صدر کے پی کے

03488811121

حکیم نذیر احمد قصوری سیکٹریری اطلاعت ونشریات

03065592853

خالص یونانی اکسیری کشتہ جات

فہرست ادویات

تمام کشتہ جات گارنٹی کے ساتھ

ماہر کشتہ جات

حکیم قیوم خان ☆ حکیم عبد الر زاق ☆ حکیم امانت علی تبسم

نوٹ ہر قسم کا کشتہ آرڈر پر تیار کیا جاتا ہیں